© rasailojaraid.com



غلام نبی خادم
ثانیہ ثانوی

# اقوال زریں

۱۔ اللہ تعالیٰ نے تجارت کو جائز اور سود کو حرام قرار دیا ہے۔ (القرآن)

۲۔ کھا کر شکر کرنے والا، صابر روزے دار کی طرح ہے۔ (الحدیث)

۳۔ حکمت مومن کی گمشدہ میراث ہے۔ (الحدیث)

۴۔ دنیا پیٹھ موڑ رہی ہے اور آخرت سامنے آ رہی ہے تم آخرت کے چاہنے والے بنو، دنیا کے چاہنے والے نہ بنو۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ)

۵۔ وہ عالم ضائع ہے جس سے علم کی بات نہ پوچھیں اور وہ علم ضائع ہے جس پر عمل نہ کیا جائے۔ (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)

۶۔ کسی سے محبت اور بغض اللہ کے لئے ہی ہو۔ (الحدیث)

۷۔ وہ بات کیوں کہتے ہو جس پر عمل نہیں کرتے۔ (القرآن)

۸۔ زبان بند رکھنا سب سے بڑی عبادت ہے۔ (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ)

۹۔ دین کی خدمت و سربلندی کے لئے پہلے تیاری کریں۔ (حافظ عبدالرحمٰن مدنی)

۱۰۔ کسی نے پوچھا: کیسے گزرتی ہے؟ کہا منہ کھانے میں اور زبان شکایت کرنے میں۔ (شیخ سعدی)

۱۱۔ اگر اللہ سے محبت کا دعویٰ کرتے ہو تو اس کے بندوں کی خدمت کر کے دکھاؤ۔ (الحدیث)

۱۲۔ شہرت کے حریص باصلاحیت نہیں ہوتے۔ (خلیل جبران)

۱۳۔ علم معرفت الٰہی کا نام ہے۔ (غزالی)

۱۴۔ دنیا کے ان لوگوں سے اتحاد ضرور کرو جو تمہیں اپنے برابر سمجھے۔ (ایک سکالر)

۱۔ عرفان خودی اور تکمیل خودی کا نام "تعلیم" ہے۔ (علامہ اقبالؒ)



© rasailojaraid.com